تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 13, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سولہویں انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ دو ہزار چوبیس پچیس کے تقسیم انعامات کی تقریب

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تاریخی سینئر سیکنڈری اسکول کے گراؤنڈ میں بارہ دسمبر دو ہزار چوبیس کو سولہویں انٹر اسکول کرکٹ ٹورنامنٹ دو ہزار چوبیس پچیس کے انعامات کی تقسیم کا پروگرام منعقد ہوا۔

تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا جس میں پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروگرام کے سرپرست اعلی، انڈین کرکٹ ٹیم کے سابق مشہور و معروف کھلاڑی پدم شری جناب ویریندر سہواگ، مہمان اعزازی پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ، فیکلٹی اراکین، اسٹاف، مہمانان کے ساتھ ساتھ جناب عبید کمال، رنجی ٹرافی کھلاڑی بھی شامل تھے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی مختلف فیکلٹیز کے ڈینز اور جامعہ اسکولوں کے پرنسپلز بھی پروگرام میں شریک ہوئے۔

ٹورنامنٹ میں جامعہ اسکول سے (ٹیم اے اور ٹیم بی) اور راول انٹرنیشنل اسکول، گڈ اسمارٹین اسکول، بلیو بیلز انٹرنیشنل جامعہ ہمدرد پبلک اسکول، کیمبرج اسکول، ٹیگور انٹرنیشنل اسکول، ترون نیکیتن، ایس ایس نیکیتن اسکول، انگلو عربک اسکول اور چمیا سمیت دس دوسرے اسکولوں نے بھی حصہ لیا تھا۔

ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ ایس ایس نیکیتن اسکول فرید آباد اور جامعہ ٹیم اے کے درمیان کھیلا گیا تھا۔ ایس ایس نیکیتن اسکول نے مقابلہ جیتا اور سولہویں انٹر اسکول کرکٹ کا خطاب اپنے نام کیا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے ٹورنامنٹ کو کامیابی سے منعقد کرانے کے لیے ڈاکٹر محمد ارشد خان، پرنسپل اسکول کی کوششوں کی تعریف کی اور اسکول میں کھیل کود سے متعلق سہولیات کو مزید بہتر کرنے کے لیے تمام ممکنہ تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ عزت مآب شیخ الجامعہ نے اپنی تقریر میں طلبہ کو کھیل کود میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے اور ملک کا نام روشن کرنے کے لیے تحریک دی۔ ممتاز کرکٹر اور جامعہ کے سابق طالب علم اور پروگرام کے مہمان خصوصی جناب ویریندر سہواگ نے جامعہ سے اپنے قریبی رشتے کو یاد کیا اور پروگرام میں دعوت کے لیے دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ جامعہ ہمیشہ ان کے دل کے قریب ہے اور جامعہ کی کسی بھی ترقی و بہبود کے لیے خاص طور سے کرکٹ سے متعلق سرگرمیوں کے لیے وہ ہمیشہ دستیاب ہیں۔

تقسیم انعامات کے پروگرام کا آغاز ایس ایس نیکیتن اسکول اور جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کو فاتح اور رنر اپ علی الترتیب

ٹرافی دینے کے ساتھ ہوا۔این جی اوشِکھر نے ایک اسمارٹ بورڈ گفٹ کیا جسے جناب ویریندر سہواگ نے جو کہ این جی او کے سرپرست اعلی بھی ہیں شیخ الجامعہ اور مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موجودگی میں جامعہ اسکول کو سونپا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی